Armaan Technologies

A Unit of Al-Firdous Foundation (India)

Maulana Azad National Urdu University, Hyderabad

M.A. (Urdu, ODL) – 2nd Semester, Question Papers [Jan. 2024]

مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی، حیدرآباد

ایم اے (اردو)–دوسرا سمسٹر، سوالیہ پرچے [جنوری 2024]

Total 5 Papers in 2nd Semester of MANUU M.A. (Urdu) – ODL مانو، ایم اے (اردو)–فاصلاتی تعلیم، دوسرا سمسٹر میں کُل 4 پرچے ہیں۔		
1	Dakni Adab	دکنی ادب
2	Urdu Ghazal	اُردو غزل
3	Urdu Novel	اُردو ناول
4	Allama Iqbal	علامہ اقبال

ایم اے (اردو) ' دوسرا سمسٹر

پرچہ : دکنی ادب

M.A (Urdu) 2nd Semester - January 2024

Paper : MAUR201CCT : Dakni Adab

Time : 3 hrs

Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/ مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**

2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دو سو (200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**

3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : **1**

(i) 'کلمۃ الاسرار' کے مصنف کون ہیں؟

(a) خواجہ بندہ نواز گیسو دراز (b) شاہ امین الدین اعلیٰ (c) شاہ برہان الدین جانم (d) میراں جی خدانما

(ii) مثنوی 'نوسر ہار' کس کی تصنیف ہے؟

(a) شاہ اشرف بیابانی (b) میراں جی شمس العشاق (c) فیروز بیدری (d) مشتاق بیدری

(iii) 'پھول بن' کس کی تصنیف ہے؟

(a) ملا وجہی (b) غواصی (c) ابن نشاطی (d) قلی قطب شاہ

(iv) بیجاپور کا مشہور مرثیہ گو شاعر کون ہے؟

(a) ہاشمی (b) مرزا (c) بحری (d) نصرتی

(v) غواصی کی پہلی مثنوی کون سی ہے؟

(a) مینا ستونتی (b) سیف الملوک و بدیع الجمال (c) مثنوی طریقت (d) طوطی نامہ

(vi) نصرتی کی رزمیہ مثنوی کا نام کیا ہے؟

(a) گلشن عشق (b) علی نامہ (c) یوسف زلیخا (d) رموز السالکین

(vii) کلمۃ الحقائق کے مصنف کون ہیں؟

(a) ملا وجہی (b) میراں جی خدانما (c) امین الدین اعلیٰ (d) برہان الدین جانم

(viii) 'کنور منوہر مدمالتی' کس مثنوی کے کردار ہیں؟

(a) گلشن عشق (b) یوسف زلیخا (c) طوطی نامہ (d) مینا ستونتی

(ix) امجد حیدر آبادی کس صنف کے شاعر کی حیثیت سے شہرت رکھتے ہیں؟

(a) مثنوی (b) غزل (c) رباعی (d) مرثیہ

(x) اردو غزل کا امام اور مجتہد کسے کہا جاتا ہے؟

(a) میر (b) ولی (c) سودا (d) غالب

حصہ دوم

2۔ شاہ برہان الدین جانم کی ادبی خدمات پر روشنی ڈالیے۔

3۔ بہمنی دور کی ادبی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

4۔ 'سب رس' پر ایک مختصر نوٹ لکھیے۔

5۔ غواصی کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

6۔ مثنوی ''گلشن عشق'' کا خلاصہ لکھیے۔

7۔ قلی قطب شاہ کی غزل گوئی کا جائزہ لیجیے۔

8۔ سراج کی غزلوں میں حسن و عشق کے موضوع پر اظہار خیال کیجیے۔

9۔ ذیل میں دیے گئے اشعار کی تشریح کیجیے:

i تجھ لب کی صف لعل بدخشاں سوں کہوں گا
جادو ہیں ترے نین غزالاں سوں کہوں گا

ii تعریف ترے قد کی الف وار سریجن
جا سرو گلستاں کوں خوش الحاں سوں کہوں گا

حصہ سوم

10۔ اردو زبان کی ترویج میں صوفیائے کرام کی خدمات کا جائزہ لیجیے۔

11۔ دکنی اردو کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

12۔ عادل شاہی دور کی اہم مثنویوں پر ایک تفصیلی مضمون قلمبند کیجیے۔

13۔ نصرتی کی قصیدہ نگاری کی امتیازی خصوصیات بیان کیجیے۔

14۔ ولی دکنی کی شاعری کی خصوصیات مثالوں کے ساتھ تحریر کیجیے۔

***

ایم اے (اردو) ' دوسرا سمسٹر

پرچہ : اردو غزل

M.A (Urdu) 2nd Semester - January 2024

Paper : MAUR202CCT : Urdu Ghazal

Time : 3 hrs **Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : **1**

(i) کس نقاد نے غزل کو نیم وحشی صنف سخن قرار دیا؟

(a) کلیم الدین احمد (b) آل احمد سرور (c) احتشام حسین (d) شمس الرحمن فاروقی

(ii) غزل کے پہلے مصرعے کو کیا کہتے ہیں؟

(a) مقطع (b) مطلع (c) قافیہ (d) حسن مطلع

(iii) 'بانگ درا' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) غالب (b) میر (c) اقبال (d) جوش

(iv) ناسخ کا پورا نام کیا ہے؟

(a) شیخ امام بخش ناسخ (b) خواجہ امام بخش ناسخ (c) محمد امام بخش ناسخ (d) میر امام بخش ناسخ

(v) دبستان لکھنؤ کی امتیازی خصوصیات سب سے زیادہ کس صنف میں پائی جاتی ہیں؟

(a) مرثیہ (b) قصیدہ (c) مثنوی (d) غزل

(vi) ذیل کا شعر کس شاعر کا ہے؟

سب کہاں کچھ لالہ وگل میں نمایاں ہوگئیں خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

(a) غالب (b) میر (c) آتش (d) ناسخ

(vii) جدید غزل میں انگریزی الفاظ کس شاعر کے کلام میں کثرت سے پائے جاتے ہیں؟

(a) الطاف حسین حلی (b) اکبر الہ آبادی (c) جگر مرادآبادی (d) فیض احمد فیض

(viii) 'رئیس المتغزلین' کس شاعر کو کہتے ہیں؟

(a) درد (b) ناصر کاظمی (c) اصغر (d) جگر مرادآبادی

(ix) 'آہنگ' کس شاعر کا شعری مجموعہ ہے؟

(a) مخدوم محی الدین (b) فیض احمد فیض (c) اسرار الحق مجاز (d) مجروح سلطان پوری

(x) ذیل کے کس شاعر کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(a) ناصر کاظمی (b) شہریار (c) عرفان صدیقی (d) مجروح سلطان پوری

حصہ دوم

2۔ غزل کی ہیئت کے بارے میں مختصر نوٹ لکھیے۔

3۔ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مثالوں کے ساتھ سمجھائیے۔

4۔ دبستان دہلی کی شعری خصوصیات بیان کیجیے۔

5۔ آتش کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجیے۔

6۔ میر کو اردو شاعری کا خدائے سخن کیوں کہا جاتا ہے؟

7۔ اقبال کی غزلوں کی اہم خصوصیات کا اجمالی تعارف پیش کیجیے۔

8۔ فراق کی غزل گوئی کی اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

9۔ ذیل میں دیے گئے اشعار کی تشریح کیجیے:

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبل بے تاب گفتگو کرتے

ہمیشہ رنگ زمانہ بدلتا رہتا ہے
سفید رنگ ہی آخر سیاہ مو کرتے

حصہ سوم

10۔ غالب کی شاعرانہ عظمت پر ایک تفصیلی مضمون لکھیے۔

11۔ دبستان لکھنؤ کی غزل کی بعض امتیازی خصوصیات کو مثالوں کے ساتھ لکھیے۔

12۔ ترقی پسند غزل کے موضوعات پر اظہار خیال کیجیے۔

13۔ ناصر کاظمی کے حالات زندگی بیان کرتے ہوئے نئی غزل میں ان کی اہمیت کو واضح کیجیے۔

14۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو کے بارے میں لکھیے:

(i) مخدوم محی الدین (ii) جگر مرادآبادی (iii) شہریار

***

ایم اے (اردو) ' دوسرا سمسٹر

پرچہ : اردو ناول

M.A (Urdu) 2nd Semester - January 2024

Paper : MAUR203CCT : Urdu Novel

Time : 3 hrs **Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : 1

(i) کہانی کو ناول کی ریڑھ کی ہڈی کس نے کہا ہے؟

(a) ای ایم فورسٹر (b) ہنری جیمس (c) ورجینا وولف (d) کلاریوز

(ii) انگریزی ناول 'پامیلا' اور 'کلاریسا' کا مصنف کون ہے؟

(a) ہنری فیلانگ (b) سموئل رچرڈس (c) تھامس ہارڈی (d) ڈی ایچ لارنس

(iii) 'مراۃ العروس' کس کا ناول ہے؟

(a) پنڈت رتن ناتھ سرشار (b) عبدالحلیم شرر (c) ڈپٹی نذیر احمد (d) پریم چند

(iv) ناول 'ایوان غزل' کس شہر کی تہذیب وثقافت کی تصویر پیش کرتا ہے؟

(a) حیدرآباد (b) بنارس (c) دہلی (d) لکھنؤ

(v) ڈپٹی نذیر احمد کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(a) بنات النعش (b) مراۃ العروس (c) توبۃ النصوح (d) ابن الوقت

(vi) مرزا ظاہر دار بیگ کس ناول کا کردار ہے؟

(a) ابن الوقت (b) رویائے صادقہ (c) توبۃ النصوح (d) ایامیٰ

(vii) ناول 'امراؤ جان ادا' کا مصنف کون ہے؟

(a) مرزا محمد ہادی رسوا (b) ڈپٹی نذیر احمد (c) پریم چند (d) عبدالحلیم شرر

(viii) 'ہوری' کس ناول کا کردار ہے؟

(a) نرملا (b) بازار حسن (c) گئودان (d) میدان عمل

(ix) ناول 'ٹیڑھی لکیر' کا مرکزی کردار کون ہے؟

(a) شمن (b) رائے صاحب (c) افتخار (d) رشید

(x) قرۃ العین حیدر کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(a) میرے بھی صنم خانے (b) سفینۂ غم دل (c) چاندنی بیگم (d) آگ کا دریا

حصہ دوم

2۔ مغربی ناول 'دو شہروں کی کہانی' کا خلاصہ کیجیے۔

3۔ نذیر احمد کی ناول نگاری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

4۔ عبدالحلیم شرر کی ادبی خدمات بیان کیجیے۔

5۔ ''پریم چند گئودان میں دیہی زندگی کی عکاسی میں کامیاب نظر آتے ہیں''۔ کیوں؟

6۔ عصمت چغتائی کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

7۔ قرۃ العین حیدر کے ناولوں کے موضوعات پر نوٹ لکھیے۔

8۔ ناول میں کردار کی کیا اہمیت ہوتی ہے؟

9۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے:

(i) فردوس بریں (ii) ابن الوقت (iii) بازار حسن (iv) ٹیڑھی لکیر

حصہ سوم

10۔ ناول کے اجزائے ترکیبی پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔

11۔ ناول 'توبۃ النصوح' کا فنی جائزہ پیش کیجیے۔

12۔ کیا امراؤ جان ادا ایک تہذیبی ناول ہے؟ اپنی مدلل رائے کا اظہار کیجیے۔

13۔ گئودان کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

14۔ آگ کا دریا کے کرداروں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

***

ایم اے (اردو) ' دوسرا سمسٹر

پرچہ : علامہ اقبال

M.A (Urdu) 2nd Semester - January 2024

Paper : MAUR201DST : Allama Iqbal

Time : 3 hrs **Marks: 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے **1** نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں **8** سوالات ہیں، اس میں سے طالب علم کو کوئی **5** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو(200) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں 5 سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی **3** سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہو۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال : **1**

(i) علامہ اقبال کے کل کتنے شعری فارسی مجموعے ہیں؟

(a) چھ (b) پانچ (c) تین (d) دو

(ii) علامہ اقبال کی پیدائش کس سن میں ہوئی؟

1880 (a) 1877 (b) 1890 (c) 1900 (d)

(iii) اقبال کی 'بانگ درا' میں شامل پہلی نظم کون سی ہے؟

(a) طلوع اسلام (b) ساقی نامہ (c) ہمالہ (d) نیا شوالہ

(iv) نظم 'خضر راہ' کس ہیئت میں لکھی گئی ہے؟

(a) مسدس (b) ترکیب بند (c) آزاد نظم (d) نظم معریٰ

(v) اقبال کی شاعری کا کون سا مجموعہ ان کی وفات کے بعد شائع ہوا؟

(a) ارمغان حجاز (b) بانگ درا (c) بال جبرئیل (d) ضرب کلیم

(vi) نظم 'مسجد قرطبہ' میں کل کتنے بند ہیں؟

(a) چھ (b) آٹھ (c) پانچ (d) چار

(vii) علامہ اقبال کی نظم 'طلوع اسلام' کس مجموعے میں شامل ہے؟

(a) بانگ درا (b) بال جبرئیل (c) ضرب کلیم (d) ارمغان حجاز

(viii) علامہ اقبال کا پہلا شعری مجموعہ کون سا ہے؟

(a) ضرب کلیم (b) بال جبرئیل (c) بانگ درا (d) ارمغان حجاز

(ix) اقبال کے خطبات کی تعداد کتنی ہے؟

(a) بارہ (b) دس (c) آٹھ (d) سات

(x) اقبال کے والد کا نام کیا تھا؟

(a) شیخ نور محمد (b) شیخ رفیق (c) شیخ محمد غلام (d) شیخ غلام قادر

حصہ دوم

2۔ علامہ اقبال کے حالات زندگی بیان کیجیے۔

3۔ اقبال کی نظم گوئی کی خصوصیات قلمبند کیجیے۔

4۔ علامہ اقبال کے نظریہ خودی پر اظہار خیال کیجیے۔

5۔ اقبال کے مجموعہ کلام بال جبرئیل کا تعارف پیش کیجیے۔

6۔ خطبات اقبال پر مختصر نوٹ لکھیے۔

7۔ نظم 'ہندوستانی بچوں کا قومی گیت' پر تبصرہ کیجیے۔

8۔ اقبال کے 'تصور ابلیس' پر مختصر روشنی ڈالیے۔

9۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے:

i نہ آتے ہمیں اس میں تکرار کیا تھی؟
مگر وعدہ کرتے ہوئے عار کیا تھی؟

ii ترے عشق کی انتہا چاہتا ہوں
مری سادگی دیکھ کیا چاہتا ہوں

حصہ سوم

10۔ 'مسجد قرطبہ' کا تجزیہ اپنے الفاظ میں کیجیے۔

11۔ بال جبرئیل کی روشنی میں اقبال کی غزلوں کا تفصیلی جائزہ لیجیے۔

12۔ اردو ادب میں اقبال کی خطوط نگاری کی اہمیت بیان کیجیے۔

13۔ نظم 'خضر راہ' کا خلاصہ لکھیے۔

14۔ اقبال کی رباعی گوئی کی خصوصیات بیان کرتے ہوئے درج ذیل رباعی کی تشریح کیجیے:

خرد کی تنگ دامانی سے فریاد
تجلی کی فراوانی سے فریاد
گوارا ہے اسے نظارۂ غیر
نگہ کی نا مسلمانی سے فریاد!

***

Thank You

شکریہ

https://www.youtube.com/@armaantechnologies

https://archive.org/details/@armaan_technologies